# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 14 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴/ جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::: سرخیاں :::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ماہرِ قانون اجول نکم سمیت چار ناموروں کو صدرِ جمہوریہ نے کیا راجیہ سبھا کا رُکن نامزد۔

☆ جعلی اور غیر معیاری کھاد فروشوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی مرکزی حکومت کی ریاستوں کو ہدایت۔

☆ ریاست میں جرائم کی تصدیق کی شرح کو 90 فیصد تک لے جانے کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا عزم۔

☆ بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا کی بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے واپسی کا سفر آج سے ہوگا شروع۔

اور۔۔۔☆ لارڈز ٹیسٹ میں جیت کیلئے بھارت کو 135 رنز کی ضرورت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے سینئر وکیل اجول نکم کو راجیہ سبھا کا رُکن نامزد کیا ہے۔ نکم کے ساتھ ہی سماجی کارکن سی سدانندن ماسٹر، سابق خارجہ سکریٹری ہرش وردھن شرنگلا، مؤرخ اور ماہر تعلیم ڈاکٹر میناکشی جین کو بھی راجیہ سبھا کا رُکن مقرر کیا گیا ہے، اس سلسلے میں وزارت داخلہ نے کل ایک اعلامیہ جاری کیا۔ اُجول نکم ممبئی پر انتہا پسندانہ حملے کے معاملے میں بحیثیتِ سرکاری وکیل کام کر چکے ہیں؛ جبکہ سدانند ماسٹر کا تعلق کیرالہ سے ہے اور انہوں نے شعبۂ تعلیم میں گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ ہرش وردھن شرنگلا نے امریکہ، بنگلہ دیش اور تھائی لینڈ میں بھارت کے سفیر کے طور پر خدمات انجام دیں، اور 2023 میں بھارت کی زیر صدارت G-20 سربراہی اجلاس کے چیف کوآرڈینیٹر بھی تھے۔ اسی طرح ڈاکٹر میناکشی جین گارگی کالج، دہلی کے شعبۂ تاریخ میں معاون پروفیسر ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے چاروں معززین کو اس تقرری پر مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیر اعظم نے سماجی رابطوں پر جاری ایک پیغام میں کہا کہ آئین اور قانون کے میدان میں اجول نکم کی لگن و جستجو تحریک دینے والی ہے، وہ ایک ماہر وکیل ہونے کے ساتھ ہی بہت سے اہم معاملات میں حصولِ انصاف میں پیش پیش رہے ہیں۔

دریں اثنا؛ راجیہ سبھا کا رُکن منتخب کیے جانے پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے اُجول نکم نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ کے نامزد نمائندے کے طور پر ان پر بڑی ذمہ داری آئی ہے؛ لٰہذا وہ ایوانِ بالا کے رُکن کے طور پر جمہوری اقدار کے استحکام اور عوامی کاموں کی تکمیل کیلئے وہ ہمیشہ ہی سرگرم رہیں گے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو جعلی اور غیر معیاری زرعی کھادوں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے تمام وزرائے اعلیٰ کو جاری کردہ ایک مکتوب میں یہ ہدایات دیں۔ وزیر زراعت[4] نے ملک بھر میں جعلی کھادوں کی تقسیم، کھاد کی کالابازاری اور کھاد کی بوریوں پر جعلی لیبل لگانے جیسی غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے ریاستوں کو یہ احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت کے مقامات پر کھاد کا مناسب ذخیرہ فراہم کرنا ریاستی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ اس کیلئے ریاستی حکومتوں کو قصورواروں کیخلاف لائسنس منسوخ کر کے مقدمات درج کرنے کی ہدایت بھی انھوں نے دی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاست میں مجرمین کو سزا دلانے کی شرح کو 90 فیصد تک لے جانا حکومت کا مقصد ہے۔ وزیر اعلیٰ' کل ناگپور کے دھنتولی میں علاقائی لیباریٹری کی نئی انتظامی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے سمیت محکمۂ داخلہ کے تین نئے پروجیکٹوں کے آن لائن افتتاح کے موقع پر مخاطب تھے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ 2013 میں ریاست میں جرائم کی تصدیق کی شرح نو فیصد تھی جو آج بڑھ کر 54 فیصد ہوگئی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ریاست میں جدید سائبر تجرباتی اسکول، انصاف کی فراہمی کیلئے موبائل سائنس لیبارٹریز قائم کی جارہی ہیں اور ٹیکنالوجی، سائبر جرائم اور دھوکہ دہی وجعلسازی کے جرائم میں اضافے کو دیکھتے ہوئے مستقبل میں فارنسک سائنس لیبارٹریز کے نظام کو عوام پر مبنی اور بلاک چین طریقہ پر عمل درآمد کر کے نظامِ انصاف کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کا سب سے جدید سائبر فارنسک سائنسی نظام مہاراشٹر میں بنایا گیا ہے۔

دریں اثنا، کل ناگپور میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے عوامی تحفظاتی بل کی مخالفت کرنے والوں پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بل کی مخالفت کرنے والے بغیر معلومات کے اپنی رائے ظاہر کررہے ہیں اور مشورہ دیا کہ مکمل معلومات حاصل کرنے کے بعد ہی کوئی موقف اختیار کریں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا کی آکسیم فور خلائی مشن سے واپسی کا سفر آج سے شروع ہوگا۔ گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا سمیت تین دیگر خلابازوں کو لے کر Axiom-4 خلائی جہاز بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے چار بجے روانہ ہوگا جبکہ یہ جہاز کل منگل کی دوپہر تین بجے کے قریب زمین پر پہنچے گا۔ مرکزی سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے سماجی رابطوں کے ذرائع پر یہ اطلاع دی۔ شبھانشو شکلا نے ملک کیلئے خلا میں کل سات تجربات کیے ہیں۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آئندہ 27 جولائی کو آکاشوانی کے پروگرام ''من کی بات'' میں اہلِ وطن سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 124 ویں قسط ہوگی۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس پروگرام کیلئے 25 جولائی تک مائے جی او وی ڈاٹ اِن ویب سائٹ اور ٹول فری نمبر ایک آٹھ صفر صفر۔ ایک ایک سات آٹھ صفر پر اپنی تجاویز درج کریں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں اسکولوں کے معیار میں بہتری لانے اور تعلیمی معیار کا جائزہ لینے کیلئے 15 جولائی سے 31 جولائی کے درمیان اسکولوں کا معائنہ کیا جائے گا۔ ضلع میں 224 اسکولوں کے معائنے کیلئے 65 دستے تشکیل دیئے گئے ہیں' ان میں سے ہر دستہ چار ارکان پر مشتمل ہوگا اور اسے چھ اسکولوں کا معائنہ کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ ریاست کے تمام اسکولوں کو ریاستی اسکول اسٹینڈرڈ اتھارٹی، اسکول کوالٹی اینڈ ایشورنس منصوبے کے تحت خود جانچ کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ان دستوں کو 15 دنوں کے اندر چھ اسکولوں کا معائنہ کر کے اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور انگلینڈ کے مابین جاری ٹیسٹ سیریز کے لارڈز ٹیسٹ میچ کو جیتنے کیلئے بھارتی ٹیم کو 193 رنز کا ہدف ملا ہے اور اس ہدف کے تعاقب میں بھارتی ٹیم نے چوتھے دن کھیل ختم ہونے تک چار وکٹوں کے نقصان پر 58 رنز بنا لیے ہیں۔ انتہائی ڈرامائی حالات میں مقابلے کے چوتھے دن مجموعی طور پر 14 وکٹیں گریں۔ جسپریت بمراہ، محمد سراج اور واشنگٹن سندر کی موثر گیند بازی کی بدولت انگلینڈ کی دوسری اننگز 192 رنز پر سمٹ گئی۔ واشنگٹن سندر نے صرف 22 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹیسٹ کے پانچویں اور آخری دِن بھارتی ٹیم کو جیت کیلئے 135 رنز درکار ہیں اور سلامی بلّے باز کے ایل راہل 33 رنز بنا کر کریز پر موجود ہے۔

***** ***** *****

اٹلی کے یانِک سنر نے ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ خطاب جیت لیا ہے۔ گزشتہ روز کھیلے گئے فائنل میچ میں انہوں نے کارلوس الکاراج کو چار۔ چھ' چھ۔ چار' چار۔ چھ۔ چار کے فرق سے شکست دی۔ یہ سنر کا پہلا ومبلڈن خطاب اور چوتھا گرینڈ سلیم خطاب ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ تربیتِ نوجواں اسکیم کے تحت زیر تربیت افراد کی تنظیم اپنے مختلف مطالبات کی یکسوئی کیلئے آج ممبئی میں ودھان بھون پر مورچہ نکالے گی۔ لاتور میں تنظیم کے کارگزار صدر بالاجی پاٹل چاکورکر نے بتایا کہ ریاست میں ایک لاکھ 34 ہزار نوجوانوں کو مستقل ملازمت، اعزازیہ میں اضافہ اور دیگر مطالبات کیلئے یہ مورچہ نکالا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

پرہار جن شکتی پارٹی کے سربراہ اور سابق رکن اسمبلی بچو کڑو کی سات بارہ کورا یاترا ایوت محل میں جاری ہے۔ کل یاترا کے ساتویں دن بچو کڑو اور اس یاترا میں شامل کسانوں اور زرعی مزدوروں نے آنکھوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر اپنا احتجاج درج کروایا۔ بچو کڑو نے وضاحت کی کہ یہ یاترا کسانوں، معذوروں، بھوئی' مویشی پروروں اور چرواہوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کی جانب ریاستی حکومت کی توجہ مبذول کروانے کیلئے نکالی گئی ہے۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے ریاست میں آئندہ چند دنوں میں موسلا دھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ آج، کوکن کے نچلے علاقوں سمیت، رائے گڑھ، رتنا گیری، سندھو درگ، پونے، ستارا، کولہاپور اضلاع کیلئے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ جولائی کے تیسرے ہفتے میں ریاست میں بارش کی مقدار نسبتاً کم ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چنئی ڈویژن میں ایک ریلوے گاڑی کے پٹری سے اترنے کے سبب چند ریلوے گاڑیوں کی خدمات منسوخ کر دی گئی ہیں۔ جنوب وسطی ریلوے ناندیڑ زون کے رابطہ عامہ دفتر کے مطابق، ان میں ناندیڑ ڈویژن سے چلنے والی نگرسول۔ چنئی ایکسپریس کی خدمات آج منسوخ رہیں گی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ماہرِ قانون اجول نکم سمیت چار ناموروں کو صدرِ جمہوریہ نے کیا راجیہ سبھا کا رُکن نامزد۔

☆ جعلی اور غیر معیاری کھاد فروشوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی مرکزی حکومت کی ریاستوں کو ہدایت۔

☆ ریاست میں جرائم کی تصدیق کی شرح کو 90 فیصد تک لے جانے کا وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا عزم۔

☆ بھارتی خلاباز شبھانشو شکلا کی بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے واپسی کا سفر آج سے ہوگا شروع۔

اور۔۔۔☆ لارڈز ٹیسٹ میں جیت کیلئے بھارت کو 135 رنز کی ضرورت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****